# مطبوعات

**حکایاتِ عزیمت** | مؤلف : بدر عالم صاحب
شائع کردہ : گلستان پبلیکیشنز بتوسط مکتبہ چراغِ اسلام ۔ ۴۰ ۔ بی ۔ اُردو بازار لاہور
صفحات : ۹۴ قیمت : ۳/۶۰ روپے

توحیدِ باری تعالیٰ کا عقیدہ ایک انقلابی عقیدہ ہے ۔ جب اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلالت کا نقش دل پہ مرتسم ہوتا ہے اور اُس کی توحید کی حکمرانی دماغ پر قائم ہوتی ہے تو دنیا کے تمام جابر و قاہر فرمانرواؤں کی فرمانروائی کے نقش مٹ جاتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ پہ پختہ یقین انسان کو پہاڑ جیسا ثبات عطا کرتا ہے تو پھر اس کی گردن کسی کے سامنے خم ہونے سے انکار کر دیتی ہے اور وہ بڑے سے بڑے ظالم و مستبد حکمران کے سامنے بھی کلمۂ حق ادا کرنے سے خوف نہیں کھاتا ۔

زیرِ تبصرہ کتابچہ میں ان عظیم شخصیتوں کی حکایاتِ عزیمت نہایت مختصر اور جامع انداز میں نقل کی گئی ہیں جن کے دل و دماغ پہ اللہ کی سروری اور فرمانروائی کا رنگ چڑھ چکا تھا ۔ بنو امیہ اور بنو عباس کا دورِ ظلم و ستم ہو یا مغلیہ شہنشاہ اکبر کا زمانہ استبداد یا دورِ حاضر کی مسلم استبدادی حکومتیں، ہر دور میں ہمیں ایسی شخصیتیں نمایاں نظر آتی ہیں جنہوں نے قید و بند اور اذیت و عقوبت اور تعذیب کے مختلف مرحلوں پہ نہایت ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا اور اعلائے کلمۃ الحق کا فریضہ انجام دیا ۔ کتابچہ میں جہاں امام حسینؓ، سعید بن جبیرؓ، امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ، امام حنبلؒ کے ایمان افروز حالاتِ عزیمت ملتے ہیں وہاں مجدد الف ثانی، سعید حلبی، بدیع الزمان، شہید حسن البناء، عبدالقادر عودہ شہید، سید قطب شہید اور مولانا مودودی جیسی شخصیتیں بھی باطل کے سامنے سینہ سپر نظر آتی ہیں ۔ اس طرح تاریخ اسلام اولوالعزم اور حق پرست علماء سے کبھی محروم نہیں ہوئی ۔

زیرِ نظر کتابچہ میں ان اصحابِ عزیمت کے ایمان افروز حالات کو اس انداز میں بیان کیا گیا ہے کہ قاری

کا دل اس سے گہرا اثر قبول کرتا ہے۔

---

| قانونِ الٰہی یا انسانی | تالیف: جناب عبدالقادر عودہ شہیدؒ |
|---|---|

ترجمہ: محمد حنیف ندوی صاحب ایم اے

شائع کردہ: مکتبہ چراغِ اسلام۔ ۴۰۔ بی اردو بازار۔ لاہور۔

صفحات: ۹۶ قیمت: ۵/۲۵ روپے

زیرِ تبصرہ کتاب دورِ حاضر میں اسلام کے نامور فرزند جناب عبدالقادر عودہ شہیدؒ کی عربی تالیف الاسلام بین جهل ابنائه وعجز علمائه کا اردو ترجمہ ہے۔ فاضل مصنف نے بڑی دیدہ وری کے ساتھ اسلامی شریعت، اس کے مزاج، اس کی وسعت اور ہمہ گیری کا جائزہ لیا ہے اور دلائل کے ساتھ اسلامی قانون کی دوسرے قوانین پر برتری ثابت کی ہے۔

ترجمہ شگفتہ اور رواں ہے اور کتابت وطباعت عمدہ ہے۔

---

| رحمان کے سایے میں | مؤلف: حافظ محمد ادریس صاحب |
|---|---|

ناشر: البدر پبلیکیشنز۔ اردو بازار لاہور۔

کتابت وطباعت عمدہ۔ صفحات: ۱۸۴

قیمت: -/۹ روپے۔

"رحمان کے سایے میں" قرآنی دعاؤں کا مجموعہ ہے جسے فاضل نوجوان حافظ محمد ادریس صاحب نے مرتب کیا ہے۔ حافظ صاحب نے قرآنی دعاؤں کا انتخاب کرنے اور ان کو ترتیب دینے میں بڑے حسنِ ذوق سے کام لیا ہے۔ زیرِ نظر کتاب قرآنی دعاؤں کا محض مجموعہ نہیں ہے بلکہ اس میں ہر دعا کا تاریخی پس منظر بھی بڑے دلکش پیرائے میں بیان کیا گیا ہے جس کو پڑھ کر انسان اپنے آپ کو اسی ماحول میں محسوس کرتا ہے جس ماحول میں یہ دعائیں زبان پر بے ساختہ جاری ہو گئیں۔ جب ہم یہ معلوم کرتے ہیں کہ یہ دعائیں اللہ کے برگزیدہ

پیغمبروں نے اپنی دعوت کے مختلف مراحل میں مانگی ہیں تو آن کے مطالب میں غیر معمولی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

یہ وہ دعائیں ہیں جو مصائب وتکالیف اور دشمنانِ دعوتِ دین کی اذیت رسانیوں کے پیش نظر انبیائے کرام کی مبارک زبانوں سے ادا ہوتی تھیں، اس لیے ان میں مکمل اظہار مدّعا بھی ہے اور خلوص وللٰہیت کا رنگ بھی نمایاں ہے۔ حافظ صاحب نے ان دعاؤں کی تشریح و توضیح کرتے ہوئے انہی پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی سعیٔ بلیغ فرمائی ہے۔ اور یہی چیز قرآنی دعاؤں کے اس مجموعے کو دوسرے مجموعوں سے منفرد وممیز کرتی ہے۔

کتاب کا سرورق بہت جاذبِ نظر ہے۔ کتابت وطباعت بھی عمدہ ہے۔ ہماری رائے میں ہر اس شخص کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے جو اپنے خدا کے ساتھ سرگوشیوں سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے۔

---

**فقہائے ہند (جلد دوم)** تالیف: مولانا محمد اسحاق بھٹی

ناشر: ادارہ ثقافتِ اسلامیہ۔ کلب روڈ۔ لاہور

صفحات: ۲۶۴ قیمت: گیارہ روپے پچاس پیسے۔

مولانا محمد اسحاق بھٹی کے معروف سلسلہ "فقہائے ہند" کی یہ دوسری جلد ہے جو نویں صدی ہجری کے ایک سو پانچ فقہائے برصغیر کے حالات وسوانح پر مشتمل ہے۔ ہندوستان میں یہ وہ دور ہے جس میں تیمور لنگ نے اس ملک پر حملہ کیا اور اس کے باشندوں پر بے پناہ مظالم ڈھائے۔ مقدمہ کتاب میں تیمور لنگ اور اس عہد کے علاوہ ضروری تفصیلات درج ہیں۔ نیز ہند کے مشرقی سلاطین، بہلول لودھی، سلاطینِ گجرات اور سلاطین بہمنیہ کے بارے میں بہترین معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں۔ سو سال کے اس طویل عہد میں ہندوستان کے مختلف علاقوں پر یہی حکمران داد حکمرانی دیتے تھے اور ان کے نزدیک علم وعلماء کو انتہائی قدر ومنزلت حاصل تھی۔ فاضل مصنف نے پوری محنت سے ان تمام واقعات کو یکجا کر دیا ہے جو مختلف تذکروں اور کتبِ تاریخ میں بکھرے پڑے ہیں۔

برصغیر پاک و ہند کی سرزمین علمی اعتبار سے بڑی زرخیز ہے اور اس کے بلاد و امصار میں ہمیشہ علم کی قدر کی گئی اور علمائے کرام کو عزت کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ یہاں تک کہ بادشاہوں کے دربار میں بھی اُن کو انتہائی بلند مقام حاصل رہا ہے۔ لیکن اس کے مقابلے میں علماء نے بھی اپنے وقار کو بحال رکھا اور بادشاہوں کی بے جا حمایت سے گریز کیا۔ یہ کتاب ہمارے دینی ادب میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔

---

**اسلام کا نظامِ عفت و عصمت** | مؤلف: مولانا محمد ظفیر الدین صاحب رفیق ندوۃ المصنفین دلی

شائع کردہ: مکتبہ نذیریہ قینچی امرسدھو۔ فیروز پور روڈ۔ لاہور

صفحات: ۳۹۷ قیمت: -/۱۶ روپے

زیر تبصرہ کتاب اسلام کے نظام عفت و عصمت پر ایک جامع اور فکر انگیز تصنیف ہے جس کی علمی حلقوں میں بہت پذیرائی ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب تک اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہو کر بک چکے ہیں۔ اب مکتبہ نذیریہ لاہور نے اسے شائع کیا ہے۔ کتابت و طباعت کا معیار عمدہ ہے۔

---

(بقیہ رسائل و مسائل)

معلومات بہم پہنچائیں تو شکر گزار رہوں گا۔

۸۔ جماعت اسلامی سے تعلق رکھنے والوں کی شرکت ایسی مجالس میں اس غرض کے لیے ہوتی ہے کہ اسلام کا اصلی نقطۂ نظر لوگوں کے سامنے پیش کیا جائے، اور اگر کوئی غلط نقطۂ نظر پیش کیا جا رہا ہو تو اس کی اصلاح کے لیے کوشش کی جائے۔ میرے علم میں یہ بات پہلی مرتبہ آئی ہے کہ ایسی کسی کانفرنس میں ہمارے کسی آدمی کی شرکت کسی حکومت کی پالیسیوں کو جواز فراہم کرنے کی ہم معنی ہوتی ہے۔

---